


# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

Ref No. MP/MC/MG/TG/E-11/ROS/NL-44

Date: 10-08-2022

**تمام معزز ممبران سوسائٹی**

**السلام وعلیکم!**

آپ کی سوسائٹی کی انتظامیہ ہمیشہ آپ کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے پرعزم رہتی ہے جس کا سوسائٹی کی تمام سکیموں کے ترقیاتی کاموں میں معیار اور رفتار منہ بولتا ثبوت ہے۔ الحمدللہ آپ سے جو بھی عہد کیا اسے پورا کر کے دکھایا۔ اسی لئے ہر مکتبہ فکر یہ تسلیم کر چکا ہے کہ "ملٹی کا نام **"اعتماد کی علامت"** ہے ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اس بھرم کو ہمیشہ نہ صرف قائم رکھے بلکہ اس میں مزید اضافہ اور پختگی عطا کرے۔ آپ کا تعاون اسی طرح ہمیں حاصل رہا تو کامیابیاں انشاء اللہ ہمارا اور آپ کا مقدر بنیں گی۔ سوسائٹی کے معاملات بہت احسن طریقے سے سرانجام پا رہے ہیں۔ سوسائٹی کے مالی معاملات کا بروقت آڈٹ کرایا جاتا ہے اور ہر اعتبار سے تسلی بخش طریقے سے کام جاری ہے۔

- ☆ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم Phase-I میں سیکورٹی کے لئے E-TAG سسٹم متعارف کروایا جا چکا ہے۔
- ☆ بہت جلد سوسائٹی ملٹی گارڈنز کا فیز II بھی متعارف کروا رہی ہے۔
- ☆ F-17 میں کمیونٹی سنٹر کی تعمیر کا ٹینڈر جاری کر دیا گیا ہے۔
- ☆ F-17 میں ہی ایک مزید واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کے لئے بھی ٹینڈر جاری کر دیا گیا ہے۔













سوسائٹی کا ہر وہ ممبر جو ووٹ ڈالنا چاہتا ہو یا الیکشن میں حصہ لینا چاہتا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ واجبات کا نادہندہ نہ ہو۔ اگر اس کے پلاٹ کی ادائیگی قسطوں کی صورت میں ہے تو شیڈول کے مطابق بروقت ادائیگی ہونی چاہیے صرف وہی ممبر ووٹ کاسٹ کر سکتا ہے جس کے واجبات مکمل ادا ہوں۔ اپنے قیمتی ووٹ کے استعمال کے پیشِ نظر آپ اپنے ذمہ واجب الادا رقوم کی ادائیگی کو بروقت یقینی بنائیں۔ جس سے نہ صرف سوسائٹی کے مالی اور انتظامی معاملات احسن طریقے سے سرانجام پاتے رہیں گے بلکہ آپ اپنے ووٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں گے۔ اس کے علاوہ آپ اپنے **بقایاجات 5 ستمبر 2022ء بروز سوموار شام 4 بجے** تک جمع کروائیں تا کہ مزید **Escalation** چارجز سے بچ جائیں۔ سوسائٹی انتظامیہ مجبور ہو گی کہ مہنگائی کے پیشِ نظر ریٹ **Revise** کرے اور **Escalation** چارجز بھی بڑھائے۔ **Escalation** چارجز کا اطلاق ان ممبران پر ہو گا جو اپنے واجبات بروقت ادا نہیں کریں گے۔

**ایک سال کے اندر اندر G بلاک کے ممبران کو بھی پلاٹوں کا قبضہ دینا شروع کر دیا جائے گا**




**نوٹ:** جن ممبران کے پلاٹوں پر ترقیاتی کام مکمل ہو چکا ہے وہ اپنے پلاٹ کا قبضہ لیکر جلد تعمیراتی کام شروع کریں۔ وہ ممبران جنہوں نے اپنے گھروں کی تعمیر مکمل کر لی ہے وہ سوسائٹی/متعلقہ اداروں سے کمپلیشن سرٹیفکیٹ حاصل کریں۔ اور جن ممبران نے کمرشل پلازے بنا رکھے ہیں اور ابھی تک سب ڈویژن نہیں کروائی وہ فوراً سوسائٹی سے اپنے پلازوں کی سب ڈویژن کروائیں تا کہ بعد میں کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس سلسلہ میں سوسائٹی کا بھرپور تعاون آپ کو حاصل ہو گا۔


**Multi Professional's Cooperative Housing Society (MPCHS)**

Multi Mansion, G-8 Markaz, Islamabad - Pakistan - **UAN: 051 111 631 632**

Ph: 051-2254115, 2253470, 2261204, 2255875, 2255853, 2255501, 2255113, 2254448, 2850640

For More Information Contact Mr. Aamir Ayaz Ali 0300-5276817 - Ali Shan 0332-5514842

Dawood Iqbal 0304-5748348 - Muhammad Qasim 0301-5590082

Website: www.mpchs.com - E-Mail: info@mpchs.com